22737 ـ نکاح کا اعلان کرنا

سوال

شادی کے بارہ میں ایک سوال میں آپ نے شادی کے اعلان کا ذکر کیا ہے اس کا سبب کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

نکاح کا اعلان کرنا واجب ہے اوراس کا سبب مندرجہ ذیل ہے :

1 ـ کہ سنت نبویہ صلی اللہ علیہ وسلم میں اس کا حکم دیا گیا ہے :

فرمان نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے :

(اس نکاح کا اعلان کرو) مسند احمد ، علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی نے صحیح الجامع (1072) میں اسے حسن کہا ہے -

2 ـ اس لیے کہ نکاح شرعی کی زنا وغیرہ سے تمیز ہوسکے ، کیونکہ زنا خفیہ طور پر کیا جاتا ہے ، لیکن نکاح شرعی اعلانیہ اورلوگوں کے سامنے ظاہر ہوتا ہے تا کہ اس میں تمیز کی جاسکے ، اورنکاح کے اعلانیہ کرنے کی حکمت بھی یہی ہے ، کہ تہمت سے بچا جائے -.